## اے این پی، لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور منشیات فروشوں کی جماعت بن چکی ہے، حق پرست ارکان قومی اسمبلی

## قرارداد کی منظوری سے اے این پی نے ایم کیو ایم کے دفتر پر حملے کو بھی جائز قرار دیا ہے

## قرارداد میں صرف پشتون بولنے والوں کو شہید قرار دینا تمام لسانی اکائیوں کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے

کراچی۔۔۔27، جولائی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے عوامی نیشنل پارٹی کی جانب سے صوبہ خیبر پختونخوا اسمبلی میں متعصّبانہ قرارداد منظور کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس عمل کو کھلی لسانیت قرار دیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی اب باچا خان اور ولی خان کے فکر و فلسفہ اور نقش قدم کے بجائے بیرونی آقا کی غلامی میں مصروف ہے اور یہ اب کوئی سیاسی جماعت نہیں رہی بلکہ لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور منشیات فروشوں کی جماعت بن چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز صوبہ خیبر پختونخواہ اسمبلی میں منظور ہونے والی قرارداد میں جس طرح حقائق کو مسخ کیا گیا ہے اس مثال نہیں ملتی اور اس قرارداد کی منظوری سے اے این پی نے کراچی میں ایم کیو ایم کے یونٹ آفس پر حملے، یونٹ کمیٹی کے رکن رضوان شاہ کی شہادت اور متعدد کارکنان کو زخمی کرنے کے واقعہ کو جائز قرار دیا ہے اور اے این پی کے دہشت گردوں کی حوصلہ افزائی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر لینڈ مافیا، اسلحہ مافیا اور ڈرگ مافیا ہزار سال تک انتقام لینا نہیں بھولتے تو انہیں یاد رکھنا چاہئے کہ کراچی کے عوام نے بھی عزت سے جینے اور عزت سے مرنے کا تہیہ کر رکھا ہے اور گیدڑ بھبکیوں سے کراچی کے عوام کو خوف زدہ نہیں کیا جاسکتا لہٰذا منشیات فروشوں کی سرپرست اے این پی اسلحہ کے زور پر کراچی پر قبضہ کرنے کا خناس اپنے ذہن سے نکال دے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے پرتشدد واقعات میں شہید ہونے والے مختلف طبقوں اور برادریوں سے تعلق رکھتے ہیں لیکن عوامی نیشنل پارٹی کی جانب سے بے گناہ شہریوں کے قتل کی مذمت کرنے کے بجائے صرف پشتون بولنے والوں کو شہید قرار دیا گیا ہے جو کہ ملک کی تمام لسانی اکائیوں کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے اور اس قرارداد سے ملک بھر کے عوام میں یہ حقیقت بھی واضح ہوچکی ہے کہ لینڈ مافیا، اسلحہ مافیا اور ڈرگ مافیا کی سرپرستی کرنے والی عوامی نیشنل پارٹی اپنے صوبے میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کے بجائے اپنی نااہلی پر پردہ ڈالنے کیلئے لسانیت کا پرچار کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک جانب صوبہ خیبر پختونخوا میں صوبائی وزیر اطلاعات میاں افتخار حسین کے صاحبزادے میاں راشد کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنایا گیا اور میاں افتخار حسین کی رہائش گاہ پر خودکش حملہ کرکے متعدد افراد کو شہید کردیا گیا لیکن عوامی نیشنل پارٹی نے قیام امن کیلئے اپنی نااہلی کا اعتراف کرنے اور خیبر پختونخوا کی حکومت سے مستعفی ہونے کے بجائے کروڑوں عوام کی منتخب نمائندہ جماعت متحدہ قومی موومنٹ کیخلاف بہتان تراشیوں کا سلسلہ شروع کردیا جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ اے این پی کی جانب سے صوبہ خیبر پختونخواہ اسمبلی سے منظور ہونے والی قرارداد کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور لسانیت کا پرچار کرکے قومی سلامتی اور قومی یکجہتی کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔

## متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے کارکن نذیر خان کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

## ایم کیو ایم کے پختون کارکن کے بہیمانہ قتل میں گرفتار اے این پی کے دہشت گرد زاہد کو قرار واقعی سزا دی جائے، رابطہ کمیٹی

لندن۔۔۔27، جولائی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اے این پی کے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیو ایم کی متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ یوسی 1 کے کارکن نذیر خان ولد فضل ودود خان کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## انٹیلی جنس بیورو کے سابق ڈائریکٹر ریٹائرڈ کرنل محمد اقبال خان نیازی کا اعترافی بیان کہ حکیم سعید قتل میں ایم کیوایم ملوث نہیں تھی ملک بھر کے مظلوم عوام کی فتح ہے، ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔27، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے انٹیلی جنس بیورو کے سابق ڈائریکٹر ریٹائرڈ کرنل محمد اقبال خان نیازی کے اس اعترافی بیان کو کہ حکیم سعید قتل کیس میں ایم کیوایم ملوث نہیں تھی ملک بھر کے مظلوم عوام کی فتح قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم شروع دن سے ہی ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے کی عملی جدوجہد کررہی ہے اور اس فرسودہ نظام کے تحفظ کی قوتیں ایم کیوایم کے خلاف گھناؤنی سازشیں تیار کرتی ہیں اور اس پر بے بنیاد اور جھوٹے الزامات عائد کرتی رہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ (ر) کرنل محمد اقبال خان نیازی کا اعترافی بیان ایم کیوایم دشمن قوتوں کے منہ پر ایک اور طمانچہ ہے اور حق پرستی کے مشن مقصد اور نظریئے کی کامیابی ہے اور آج ایک مرتبہ پھر ایم کیوایم ملک بھر کے عوام کی نظروں میں سرخرو ہوچکی ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ انٹیلی جنس بیورو کے سابق ڈائریکٹر ریٹائرڈ کرنل محمد اقبال خان نیازی کے اس اعترافی بیان کہ حکیم سعید قتل میں ایم کیوایم ملوث نہیں تھی سختی سے نوٹس لیا جائے، حکیم سعید جیسی معتبر ہستی کے بہیمانہ قتل میں ملوث اصل ملزمان کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور انہیں قرار واقعی سزا دی جائے۔

## گلگت بلتستان، لاہور، فیصل آباد، گجرانوالہ اور صوبہ بلوچستان کے وفود نے نائن زیرو کا دورہ کیا، رابطہ کمیٹی کے اراکین سے ملاقات

کراچی۔۔۔27، جولائی 2010ء

گلگت بلتستان، لاہور، فیصل آباد، گجرانوالہ اور صوبہ بلوچستان سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے ذمہ داران کے ایک وفد نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر تفصیلی دورہ کیا۔اس موقع پر وفد کے ارکان نے خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ارکان واسع جلیل، یوسف شاہوانی اور سیف یار خان سے ملاقات کی۔وفد سے گفتگو کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام متحد ہوچکے ہیں اور ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد میں ملک کی تمام قومیتوں اور مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد اپنا عملی کردار ادا کررہے ہیں جو انتہائی خوش آئند ہے۔انہوں نے کہا کہ اب حق پرستی کی تحریک کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کو پھیلنے سے کوئی سازش نہیں روک سکتی اور انشاءاللہ بہت جلد ملک پر غریب ومتوسط طبقے کی عملی طور پر حکمرانی ہوتی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے اراکین نے وفد کے ارکان کو متحدہ قومی موومنٹ کے 13 ویں یوم تاسیس اور تعمیر کی گئی عظیم الشان یادگار شہدائے حق کی مبارکباد پیش کی اور کہا کہ ایم کیوایم آج ایم کیوایم جس مقام پر ہے وہ حق پرست شہداء کی لازوال قربانیوں کی بدولت ہے۔

## اراکین رابطہ کمیٹی نے یادگار شہدائے حق کے افتتاح کے بعد یاسین آباد شہداء قبرستان جاکر حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری دی

کراچی۔۔۔27، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اراکین ڈاکٹر صغیر احمد، یوسف شاہوانی اور سیف یار خان نے متحدہ قومی موومنٹ کے 13 ویں یوم تاسیس کے موقع پر ''یادگار شہدائے حق'' کے افتتاح کے بعد یاسین آباد کے شہداء قبرستان جاکر حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری دی۔اس موقع پر ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین اور اپنی جانب سے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔بعدازاں انہوں نے حق پرست شہداء کے بلند درجات، لواحقین کیلئے صبر وجمیل، اسیر کارکنان کی رہائی، ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی، ایم کیوایم کے خلاف سازشوں کے خاتمے، ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی، دہشت گردی کے خاتمے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا بھی کی۔

## حق پرست ارکان قومی اسمبلی کے فنڈز سے ناظم آباد میں ساڑھے پانچ کروڑ روپے سے کرائے گئے مختلف ترقیاتی کاموں کا افتتاح کردیا گیا

کراچی۔۔۔27، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان اور محترمہ کشور زہرا کے ساڑھے پانچ کروڑ روپے کے ایم این اے فنڈز سے مکمل کرائے گئے مختلف ترقیاتی کاموں کا افتتاح کردیا گیا ہے۔ یہ ترقیاتی کام قومی اسمبلی کے حلقہ 247 ناظم آباد میں مکمل کئے گئے ہیں جن میں ناظم آباد کی یوسی 1، یوسی 2، یوسی 3، یوسی 4، یوسی 5، یوسی 6، یوسی 9، یوسی 10 اور یوسی 11 شامل ہیں جبکہ ان ترقیاتی کاموں میں ناظم آباد نمبر 4 میں عبدالقادر لاکھانی بھائی چوک اور محسن بھوپالی سڑک کا افتتاح بھی شامل ہے۔قبل ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر شعیب احمد بخاری نے ترقیاتی کاموں کا افتتاح کیا اس موقع پر حق پرست ارکان قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان، محترمہ کشور زہرا اور رکن سندھ اسمبلی ریحان ظفر بھی موجود تھے۔ترقیاتی کاموں کے افتتاح کے موقع پر عوام سے گفتگو کرتے ہوئے شعیب احمد بخاری نے کہا کہ ایم کیوایم خدمت خلق کے جذبے سے سرشار ہے اور اس کے منتخب عوامی نمائندے ترقیاتی کاموں کی بروقت تکمیل کر کے عوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے عملی کردار ادا کررہے ہیں۔شعیب احمد بخاری نے ترقیاتی کاموں کے افتتاح پر علاقے کے عوام کو دلی مبارکباد پیش کی اور کہا کہ یہ ترقیاتی کام قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے منتخب عوامی نمائندوں کو دی گئی تعلیمات کے مرہون منت ہے۔ترقیاتی کاموں کے افتتاح پر علاقے کے عوام نے حق پرست منتخب عوامی نمائندوں کا شکریہ ادا کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں کیں۔

## نیپرا کی جانب سے بجلی کے نرخوں میں اضافہ کی منظوری غیر منطقی اقدام ہے،حق پرست اراکین سینیٹ
## بجلی کے نرخوں میں مسلسل اضافے کا کھیل بند کیا جائے،حکومتی دعوؤں کے مطابق عوام کو لوڈشیڈنگ سے نجات دلائی جائے

کراچی۔۔۔27، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سینیٹ نے نیپرا کی جانب سے ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی کے نرخوں میں 64 پیسے فی یونٹ اضافہ کی منظوری دینے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس اضافہ کو مہنگائی کے دور میں سراسر غیر منطقی اقدام قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے عوام اور کاروباری طبقہ بجلی کی طویل دورانیئے کی لوڈشیڈنگ کا عذاب جھیل رہا ہے اور عوام کو لوڈشیڈنگ سے نجات دلانے کے بجائے ہر بار بجلی کے نرخوں میں اضافہ کرنا غریب عوام پر کھلا ظلم ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ بجلی کے نرخوں میں اضافے کے ساتھ ساتھ اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں بھی بڑھ رہی ہیں جس کے باعث ہونے والی مہنگائی سے عوام کی کمر ٹوٹ چکی ہے۔انہوں نے کہا کہ بجلی کے نرخوں میں مسلسل اضافے کا کھیل بند کیا جائے اور حکومتی دعوؤں کے مطابق عوام کو بجلی کی لوڈشیڈنگ سے نجات دلائی جائے۔حق پرست اراکین سینیٹ نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ نیپرا کی جانب سے ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی کے نرخوں میں اضافہ کی منظوری کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور عوام پر مہنگائی کا مزید بوجھ ڈالنے کے بجائے ریلیف فراہم کرنے کیلئے مثبت اور عملی اقدامات کئے جائیں۔

## عظیم الشان یادگار شہدائے حق کے افتتاح پر رابطہ کمیٹی کی مبارکباد
## افتتاحی تقریب میں شرکت کرنے پر کارکنان،عوام،شہداء کے لواحقین اور میڈیا کے نمائندگان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تشکر

کراچی۔۔۔27، جولائی 2010ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے متحدہ قومی موومنٹ کے 13ویں تاسیس کے موقع پر جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں تعمیر کی گئی عظیم الشان یادگار شہدائے حق کے افتتاح کی دلی مبارکباد پیش کی ہے اور افتتاحی تقریب میں بھرپور شرکت کرنے پر کارکنان،عوام،شہداء کے لواحقین اور میڈیا کے نمائندگان سے دلی تشکر کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ تاریخی یادگار شہدائے حق کا افتتاح حق پرست شہداء کی عظمت کی نشانی ہے اور لازوال قربانیوں کی داستان کا زندہ شاہکار ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ حق پرستی کی راہ میں ایم کیوایم کے کارکنان نے عظیم قربانیاں پیش کی ہیں اور شہداء کی بے مثال قربانیوں کی یاد اور انہیں خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے عظیم الشان یادگار شہدائے حق کی تعمیر ثابت کرتی ہے کہ ایم کیوایم حق پرست شہداء کی لازوال قربانیوں کو ہرگز نہیں بھولی ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایک مرتبہ پھر یادگار شہدائے حق کے افتتاح کی دلی مبارکباد پیش کی اور افتتاحی تقریب میں شرکت کرنے پر تمام شرکاء سے دلی تشکر کا اظہار بھی کیا۔

## عوام، ایم کیوایم راولپنڈی زون کے زونل انچارج زاہد ملک کے صاحبزادے ملک دانیال کی صحت یابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔27، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم راولپنڈی زون کے زونل انچارج زاہد ملک کے صاحبزادے ملک دانیال کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ بھی ملک دانیال کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## گلگت میں انتہاء پسند عناصر کے ہاتھوں ایم کیوایم کے ہمدرد شبّر حسین کے بہیمانہ قتل کا نوٹس لیا جائے، حیدرعباس رضوی، عبدالقادر خانزادہ، اقبال محمد علی

کراچی۔۔۔27، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی حیدرعباس رضوی، عبدالقادر خانزادہ اور اقبال محمد علی نے گلگت میں انتہاء پسند عناصر کے ہاتھوں ایم کیوایم کے ہمدرد شبّر حسین کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے مطالبہ کیا کہ شبر حسین شہید کے بہیمانہ قتل میں ملوث انتہاء پسندوں کو گرفتار کیا جائے اور انہیں قرارواقعی سزادی جائے۔انہوں نے شبّر حسین شہید کے تمام سوگوار لوحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور شہید کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے دعا کی۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر صغیر احمد اور گلفراز خان خٹک کا بارشوں سے متاثرہ علاقوں کا دورہ

کراچی۔۔۔27، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر صغیر احمد اور گلفراز خان خٹک نے منگل کے روز کراچی میں بارشوں سے متاثرہ علاقوں کا ہنگامی دورہ کیا۔رابطہ کمیٹی کے ارکان فیڈرل بی ایریا، گلبرگ، واٹر پمپ چورنگی، انچولی، نارتھ ناظم آباد، ناظم آباد اور لیاقت آباد سمیت دیگر علاقوں میں بھی گئے اور ٹریفک کی روانی، پانی کی نکاسی اور پریشان حال شہریوں کی مدد کرنے میں مصروف ایم کیوایم کے کارکنان کو شاباش دی اور انہیں ہدایت کی کہ وہ قائد تحریک الطاف حسین کی تعلیمات پرعمل پیرا ہوکر بلاتفریق رنگ ونسل شہریوں ہرممکن مدد اور تعاون جاری رکھیں۔

## رابطہ کمیٹی کے ارکان کا شہداء قبرستان کا دورہ، شہداء کی قبروں فاتحہ خوانی

کراچی۔۔۔27، جولائی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے منگل کو شب براّت کے موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم تاجک، سید مصطفی کمال، توصیف خانزادہ اور سیف یار خان نے یاسین آباد شہداء قبرستان جاکر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے بھائی ناصر حسین شہید، بھتیجے عارف حسین شہید اور ایم کیوایم کے شہید کارکنان کی قبروں پر حاضری دی، فاتحہ خوانی کی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے حق پرست شہداء کی قبروں پر پھول چڑھائے۔اس موقع پر ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے ارکان بھی ان کے ہمراہ تھے۔

## متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے کارکن نذیر خان شہید کی فاتحہ سوئم

کراچی۔۔۔27، جولائی 2010ء

ایم کیوایم کی متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ یوسی 1 کے کارکن نذیر خان شہید کا سوئم ان کی رہائش گاہ واقع نورانی محلّہ اسلام نگر گلشن غازی بلدیہ ٹاؤن میں ہوا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن وفاتحہ خوانی کی گئی اور شہید کو زبردست خراج عقیدیت پیش کیا گیا۔سوئم کے اجتماع میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی رضا حیدر متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج محمد معروف حسین واراکین کمیٹی، علاقائی سیکٹر و یونٹس کمیٹی کے ذمہ داران وکارکنان اور شہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

☆☆☆☆☆